www.jehanpakistan.pk

ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE

روزنامہ
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف

جہان پاکستان لاہور

THURSDAY 05 DECEMBER, 2024

جلد 13 | جمعرات 2 جمادی الثانی 1446، 5 دسمبر 2024ء، 22 مگھر 2079 ب | شمارہ 80 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے

حافظ آباد: معذور افراد کے عالمی دن پر تقریب کا انعقاد

بچوں کو احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے انہیں مکمل توجہ دی جائے، مقررین

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر بنیاد فاؤنڈیشن حافظ آباد نے آواز II پروگرام کے پلیٹ فارم سے مقامی ہوٹل میں تقریب منعقد کی، جس میں معذور افراد بالخصوص خواتین، سماجی کارکنان، سول سوسائٹی کے افراد، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اور محکمہ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس پروگرام کا مقصد ضلع حافظ آباد میں معذور خواتین کا ایک گروپ بنانا ہے جو ان کے مسائل کو اجاگر کر سکے اور ان خواتین کو محفوظ ماحول فراہم کر سکے۔ اس موقع پر پراجیکٹ کوآرڈینیٹر آواز II حافظ آباد عثمان غنی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر، سماجی کارکنوں اور معذور افراد پر کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں نے معذور افراد کو با اختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خصوصی بچوں کے والدین کیلئے بھی یہ صورتحال کسی کڑے امتحان سے کم نہیں، تاہم ان کے حوصلے بلند ہیں، بچوں کو احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے انہیں مکمل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے اپنی کسی کمی کو آڑے نہیں آنے دیا اور ہمت و حوصلہ سے حالات کا مقابلہ کیا، معذور افراد کی صلاحیتوں پر اعتماد کیا جائے اور بہتر مواقع فراہم کئے جائیں تو یہ افراد بھی معاشرے کا ایک فعال حصہ بن سکتے ہیں۔

05/12/24
C.O
AD(Pub)
05/12/24
DD(P&PR)
05/12/24
Director (Prog)
5/12/24
DG(SW)